سوال

(718) سورہ الفاتحہ کی سات (۷) آیات مکمل فرمائیں الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سورہ الفاتحہ کی سات (۷) آیات مکمل فرمائیں جبکہ قرآن میں چھ (۶) آیات بیان کی گئی ہیں ؟

(محمد صارم سیف)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

بسم اللہ الرحمن الرحیم بھی سورۂ فاتحہ کی آیت ہے ۔ مجمع الملک فہد کا مطبوع قرآنِ مجید دیکھ لیں ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے بعد (۱) لکھا ہے ۔تاج کمپنی کے مطبوع قرآنِ مجید میں صراط الذین أنعمت علیھم کے بعد (۶) لکھا ہے ۔ اس کی کتاب وسنت میں کوئی دلیل نہیں ۔ تفصیل کےلیے ''اِرشاد القاری'' دیکھ لیں ۔ حقیقت حال واضح ہوجائے گی ۔ اِن شاء اللہ سبحانہ وتعالیٰ ۔ ۲۵ ۳ ۱۴۲۴ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص719

محدث فتویٰ